دار الافتاء
جامعة العلوم الإسلامية
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
پاکستان
9919
١٤٣٢/١٢/٢٩

باسمہ تعالی

محترم جناب- مفتی صاحب-جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میر اسوال ہیکہ کیادرج ذیل طریقے سے ناخن کاٹناواقعی من گھڑت ہے؟ہم توطویل عرصے سے اسے صحیح سمجھتے تھے۔براہ کرم وضاحت سے بتادیں۔شکریہ



اہلیہ عبد اللہ-ینبع۔سعودیہ عرب

الجواب حامداً ومصلیاً

واضح رہے کہ ہاتھوں اور پیروں کے ناخن کاٹنے کی ترتیب اور طریقہ کے بارے میں کوئی بھی صحیح روایت موجود نہیں ہے البتہ اتنی بات ثابت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دائیں طرف سے ابتداء کرنے کو پسند فرماتے تھے۔

بعض فقہاء مذکورہ ترتیب کے مطابق ناخن کاٹنے کو اولیٰ اور بہتر کہتے ہیں چنانچہ مذکورہ طریقے کے بارے میں مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"ہاتھ کے ناخن اس ترتیب سے کتروانا بہتر ہے دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے شروع کرے اور چھنگلیاں تک بہ ترتیب کترواکر پھر بائیں چھنگلیاں پھر بہ ترتیب کٹوادے اور دائیں انگوٹھے پر ختم کرے اور پیر کی انگلیوں میں دائیں چھنگلیاں سے شروع کرکے بائیں چھنگلیاں پر ختم کرے یہ ترتیب بہتر ہے اور اولیٰ ہے اس کے خلاف بھی درست ہے۔"

(بہشتی گوہر، حصہ یازدہم، ص ۸۳۰، ط: دار الاشاعت)

فتاویٰ شامی میں ہے:

"قلت: وفي المواهب اللدنية قال الحافظ ابن حجر: انه يستحب كيفما احتاج إليه ولم يثبت في كيفية شيئ ولا في تعيين يوم له عن النبي صلى الله عليه وسلم ما يعزى من النظم في ذلك للإمام علي ثم لابن حجر قال شيخنا انه باطل"

(۶/۴۰۶، ط: سعید)

دار الافتاء
جامعة العلوم الإسلامية
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
پاکستان

(جاری ہے)

حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے:

"لکن انکر الهیئة المذکورة ابن دقیق العید فقال کل ذلك لا أصل له واحداث استحباب لا دلیل علیه وقبیح عندی بالعالم نعم البدایة بیمنی الیدین ویمنی الرجلین لها أصل وهو انه صلی اللّٰه علیه وسلم کان یحبه التیامن فی طهوره وترجله وفی شأنه کله متفق علیه وکذا تقدیم الیدین علی الرجلین قیاساً علی الوضوء وما یعزی لعلی وغیره باطل."

(۱/۵۲۵، ط: دار الکتب العلمیه)

فقط واللّٰہ أعلم

کتبه

ذبیح اللّٰہ اختر

متخصص فی الفقہ الاسلامی

جامعہ علوم اسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

۱۱/۱/۱۴۳۸ھ

۱۳/۱۰/۲۰۱۶ء

الجواب صحیح

محمد شفیق عارف

۱۱/۱/۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح

ابوبکر سعید الرحمن

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی پاکستان